TRUST SECURITIES & BROKERAGE LTD.

CORPORATE TREC Certificate Holder-332 Pakistan Stock Exchange Limited

CORPORATE OFFICE:
Suite No. 401 & 402, 4th Floor, Business & Finance Center,
I. I. Chundrigar Road Karachi.
UAN: (92-21) 111-000-875, **Tel:** (92-21) 32469044-48,
Fax: (92-21) 32467660, **Web:** www.tsbl.com.pk

ٹرسٹ

سیکیوریٹیز اینڈ بروکریج لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا 26واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 25 اکتوبر 2019ء کو بروز جمعۃ المبارک دوپہر 2:45 بجے بمقام سویٹ نمبر 402,401 چوتھی منزل، بزنس اینڈ فنانس سینٹر۔ آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا گیا۔

عمومی امور

1- مورخہ 27 اکتوبر 2018ء کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- مورخہ 30 جون 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔

3- آئندہ سال 20-2019 کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔

4- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

خصوصی امور

1- کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بذریعہ CD یا DVD یا USB ترسیل کیلئے مندرجہ ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد کی بالترمیم یا بلاترمیم غور و خوض اور منظوری۔

قرار پایا کہ کمپنی کو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بشمول ڈائریکٹر اور آڈیٹرز رپورٹ، دستاویزات اور دیگر معلومات کا حصہ اپنے ممبران کو بک فارم/ہارڈ کاپی کے بجائے USB/DVD/CD کے ذریعے ترسیل کا SECP کے سرکلر نمبر 470 بتاریخ 31 مئی 2016ء کے تحت اختیار دیا جاتا ہے۔

کراچی۔ **بحکم بورڈ**

03 اکتوبر 2019ء **کمپنی سیکریٹری**

نوٹس:

1- ممبران کا رجسٹر مورخہ 19 اکتوبر تا 25 اکتوبر 2019ء بند رہے گا۔ (بشمول دونوں ایام)

2- اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پروکسی کی تقرری کی دستاویز دستخط اور گواہی کے ہمراہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہو جانی چاہیے۔

3- کوئی فرد جو سی ڈی سی کا بینیفشل اونر ہو جو اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کیلئے نامزد کیا گیا ہو۔ اسے اپنی شناخت کی غرض سے اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ہمراہ لانا ہوگا اور پروکسی کی صورت میں، حصص یافتگان کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقل پروکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا۔ کاروباری ممبران کے اراکین اس مقصد کیلئے مطلوبہ دستاویزات ساتھ لائیں۔

4- مورخہ 30 جون 2019ء کو ختم ہونے والے گزشتہ سال کے کمپنی کے مالی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ http://tsbl.com.pk پر کچھ ہی عرصہ میں دستیاب ہو جائیں گی۔

5- ممبران جنہوں نے تاحال اپنی شناختی کارڈ کی نقل اور ای میل ایڈریس فراہم نہیں کیا ان سے درخواست ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔

6- ویڈیو کانفرنس سہولت: کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کے تحت، دیگر شہروں کے ممبران جو کم از کم 10 فیصد کل ادا شدہ شیئر سرمایہ کے حامل ہوں تو وہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو لنک سہولت کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔

ویڈیو لنک سہولت کی درخواست اجلاس ہذا کی تاریخ سے سات روز قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب اسٹینڈرڈ فارم پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پتہ پر موصول ہو جانی چاہیے۔

7- SECP کے سرکلر (1)470 مجریہ 2016ء بتاریخ 31 مئی 2016ء کے تحت حصص یافتگان کو سالانہ رپورٹس بک فارم/ہارڈ کاپی کے بجائے CD یا DVD یا USB کے ذریعے ترسیل ہو جانی چاہیے، اور سالانہ اجلاس عام میں اس کی منظوری ہو جانی چاہیے۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت گوشوارے سیکیورٹیز کمیشن آف پاکستان نے ایس آر او نمبر 470 بتاریخ 31 مئی 2016 میں لسٹڈ کمپنیز کو آڈٹ شدہ حسابات کی بک فارم/ہارڈ کاپی کے بجائے CD/USB/DVD ذریعے ترسیل کچھ شرائط کی تکمیل کے بعد جس میں ممبران کی رضامندی حاصل کی جا چکی ہو، کی اجازت دی ہے۔

حسابات کی بذریعہ CD/USB/DVD ترسیل کمپنی کی لاگت میں کمی کیلئے کارآمد ہے۔ تاہم حصص یافتگان کی جانب سے کمپنی کو تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں کمپنی بک فارم کی نقل فراہم کر دے گی۔

Karachi Branch: Room No. 202 & 203, 2nd Floor, New Stock Exchange Building, Stock Exchange Road, Karachi. **Tel:** (92-21) 32460161-68
Lahore Branch: 2nd Floor, Associated House, Building No. 1 & 2, 7-Kashmir Road, Lahore-54000, (Pakistan). **Tel:** (92-42) 3637 3041-43, **Fax:** (92-42) 3637 3040